2024-07-22

Hrs 08.30

HL-Opening

آکاشوانی سے پیش ہے خبرنامہ

آداب: خبرنامے کے ساتھ میں شبانہ رحمان

پہلے اِس وقت کی خاص خبریں

------------------------------------------------------------

1 پارلیمنٹ کا بجٹ اجلاس آج شروع ہو رہا ہے۔ وزیرخزانہ نرملا سیتارمن لوک سبھا میں اقتصادی جائزہ پیش کریں گی۔

2 مرکز نے سرکاری ملازمین کے آر ایس ایس سے متعلق سرگرمیوں میں حصہ لینے پر عائد پابندی ہٹالی ہے۔

3 تشدد سے متاثر بنگلہ دیش سے ساڑھے چار ہزار سے زیادہ بھارتی طلبا وطن واپس آگئے ہیں۔

4 امریکی صدر جوبائیڈن صدارتی دوڑ سے باہر ہوگئے ہیں۔ کملا ہیرس کی ڈیموکریٹک پارٹی کی نئی امیدوار کی حیثیت سے نامزد کیا ہے۔

5 سالانہ کانوڑ یاترا کا آج شراون مہینے سے آغاز ہورہاہے۔

6 اور بی سی سی آئی نے آئندہ پیرس اولمپکس کیلئے بھارتی اولمپک ایسوسی ایشن کو ساڑھے آٹھ ہزار کروڑ روپے دیے ہیں۔

اب خبریں تفصیل سے۔

Parl Budget Session

پارلیمنٹ کا بجٹ اجلاس آج شروع ہو رہا ہے۔ اجلاس 12 اگست کو ختم ہوگا اور اس اجلاس میں 16 نشستیں ہوں گی۔ ہمارے نامہ نگار نے اطلاع دی ہے کہ اس اجلاس میں 2024 اور 2025 کے مرکزی بجٹ سے متعلق مالی امور پر توجہ مرکوز کی جائے گی۔

V/C Anand (Dipendra)

کل حکومت نے دونوں ایوانوں کی کارروائی کو خوش اسلوبی سے چلانے کو یقینی بنانے کے لیے نئی دلی میں سبھی سیاسی جماعتوں کے ساتھ ایک میٹنگ منعقد کی تھی۔ میٹنگ کے بعد نامہ نگاروں سے بات کرتے ہوئے پارلیمانی امور کے وزیر کرن رجیجو نے بتایا کہ حکومت کھلے دل کے ساتھ کسی بھی امور پر بحث کے لیے تیار ہے۔

انھوں نے زور دیتے ہوئے کہا کہ یہ حکومت اور اپوزیشن دونوں کی ذمہ داری ہے کہ پارلیمنٹ کی کارروائی خوش اسلوبی سے چلے۔ جناب رجیجو نے اُن پارٹیوں کے لیڈروں کے تئیں تشکر کا اظہار کیا جنھوں نے اپنے قیمتی مشورے اور تجاویز پیش کیں۔

انھوں نے ہر ایک سے بجٹ اجلاس کے کام کاج کو خوش اسلوبی سے چلانے کے لیے تعاون کرنے کی اپیل کی۔

Byte Kiran

میٹنگ کے دوران وزیر دفاع راج ناتھ سنگھ نے جو لوک سبھا میں ایوان کے ڈپٹی لیڈر ہیں، میٹنگ میں اجاگر کئے گئے اہم امور کی جانب توجہ دلانے اور ان معاملات کو اٹھانے کے لیے سبھی لیڈروں کا شکریہ ادا کیا۔

انھوں نے دونوں ایوانوں کی کارروائی کے دوران اس کے تقدس کو برقرار رکھنے کی ضرورت پر بھی زور دیا۔

اس دوران کانگریس نے مانگ کی کہ اجلاس کے دوران NEET پیپر کے افشاں ہونے مبینہ معاملے، ریلوے کی سلامتی، اگنی ویر اسکیم، مرکز-ریاست کے درمیان تعلقات اور منی پور اور جموں و کشمیر کی سکیورٹی کی صورتحال کے علاوہ دیگر معاملات پر بحث و مباحثہ ہونا چاہیے۔

ایک سوشل میڈیا پوسٹ پر پارٹی لیڈر جے رام رمیش نے اس بات کواجاگر کیا کہ ان کی پارٹی نے بھی مانگ کی ہے کہ ملک میں معیشت سے متعلق امور پر بحث ہونی چاہیے۔x

Economic Survey

وزیر خزانہ نرملا سیتا رمن آج پارلیمنٹ میں 2023-24 کا اقتصادی سروے پیش کریں گی۔ یہ دستاویز وزارت خزانہ میں معاشی امور کے محکمے کے معاشیات سے متعلق ڈویژن کی طرف سے تیار کیا گیا ہے اور اسے متعلق اعلیٰ معاشی مشیر ڈاکٹر V.Anantha Nageswaran کی نگرانی میں ترتیب دیا گیا ہے۔ ایکس پر ایک پوسٹ میں وزارت خزانہ نے کہا ہے کہ معیشت سے متعلق اعلیٰ مشیر لوک سبھا میں اقتصادی سروے پیش کیے جانے کے بعد آج سہ پہر میڈیا سے خطاب کریں گے۔ یہ اقتصادی سروے معیشت سے متعلق ایک رپورٹ کارڈ اور ترقی کا منظر نامہ بھی ہے، یہ سروے معیشت کی صورتحال، امکانات اور پالیسی چیلنجوں کے بارے میں تفصیلی معلومات فراہم کرتا ہے۔ اقتصادی سروے معیشت کے مختلف شعبوں کے ساتھ ساتھ روزگار کے بارے میں اعداد و شمار، مجموعی گھریلو پیداوار کی شرح نمو، افراطِ زر اور بجٹ خسارے کے مختلف شعبوں کے بارے میں اعداد و شمار کے متعلق معلومات اور تجزیے فراہم کرتا ہے۔

بھارت نے ابھرتی ہوئی سب سے تیز معیشت کے طور پر اپنا دبدبہ برقرار رکھا ہے۔ معاشی سروے ایک ایسے وقت میں پیش کیا جائے گا جب مالیاتی فنڈ IMF نے مالی سال 2024-25 کے لیے معاشی ترقی میں سات فیصد تک اضافہ کا تخمینہ لگایا ہے جبکہ اس کے اپریل میں چھ اعشاریہ آٹھ فیصد کے رہنے کا اندازہ لگایا گیا تھا۔ جون میں RBI نے سات فیصد سے بڑھ کر سات اعشاریہ دو فیصد کی شرح نمو کے بڑھنے کی پیش گوئی کی۔

Centre RSS

مرکز نے سرکاری ملازمین کے راشٹریہ سویئم سیوک سنگھ RSS سے متعلق سرگرمیوں میں حصہ لینے پر عائد پابندی ہٹالی ہے۔ نومبر 1966 میں وزیراعظم اندرا گاندھی کے دورِاقتدار میں پابندی عائد کی گئی تھی، جسے عملے، عوامی شکایات اور پنشن کی وزارت نے ہٹادیا ہے۔ سوشل

میڈیا ایکس پر ایک پوسٹ میں بی جے پی، آئی ٹی سیل کے سربراہ امت مالویہ نے بتایا کہ آر ایس ایس سرگرمیوں میں سرکاری ملازمین حصہ لینے پر پابندی عائد کرتے ہوئے 1966 میں 58 سال قبل ایک غیرآئینی حکم جاری کیا گیا تھا، جسے مودی حکومت نے واپس لے لیا ہے۔

ہریانہ، ہماچل پردیش، مدھیہ پردیش اور چھتیس گڑھ سمیت مختلف ریاستی حکومتوں نے آر ایس ایس سے وابستہ سرکاری ملازمین پر عائد پابندیاں پہلے ہی ہٹادی تھیں۔ x

## Bihar Monsoon Session

بہار میں ریاستی قانون سازیہ کا مانسون اجلاس آج شروع ہوگا۔ دونوں ایوانوں کے مختصر اجلاس میں کُل پانچ نشستیں ہوں گی۔ آج ریاستی اسمبلی میں سب سے پہلے موجودہ مالی سال کیلئے ضمنی مطالبات زر پیش کیا جائے گا۔ اسپیکر نند کشور یادو نئے منتخب کیے گئے آزاد ایم ایل اے شنکر سنگھ کو رکن کی حیثیت سے حلف دلائیں گے، جنہیں ضمنی انتخابات میں روپالی اسمبلی حلقے سے حال ہی میں منتخب قرار دیا گیا ہے۔

امکان ہے کہ نتیش کمار کی قیادت والی حکومت اِس اجلاس کے دوران مقابلہ جاتی امتحانات میں پیپرلیک کے مسئلے پر قابو پانے کے سلسلے میں ایک بِل کو متعارف کرائے گی۔ آر جے ڈی اور کانگریس کی قیادت والی اپوزیشن کے عظیم اتحاد نے کہاہے کہ وہ ریاست میں امن وقانون کی مبینہ طور پر ابتر ہوتی ہوئی صورتحال کے معاملے پر حکومت کو گھیرے گی۔

اپوزیشن کے رخ کو دیکھتے ہوئے مذکورہ اجلاس کے ہنگامی ہونے کا امکان ہے۔ یہ اجلاس 26 جولائی کو ختم ہوگا۔ x

## Chhattisgarh Monsoon Session

چھتیس گڑھ قانون ساز اسمبلی کا مانسون اجلاس آج سے شروع ہوگا۔ اِس اجلاس میں پانچ نشستیں ہوں گی اور یہ 26 جولائی کو ختم ہوگا۔ اجلاس کے دوران ریاستی حکومت کچھ ترمیمی بِل اور ضمنی بجٹ پیش کرے گی۔ x

## Centre Kerala Nipah

کیرالہ میں نپاہ سے ہونے والی موت کے مدنظر ICMR کی ایک چھ رکنی ماہرین کی ٹیم صحت عامہ سے متعلق اقدامات میں ریاست کی مدد کے لیے کوزی کوڈ پہنچ گئی ہے۔ مرکزی وزارت صحت نے ریاست کے محکمہ صحت کی مدد کے لیے، ایک کثیر رخی جوائنٹ ٹیم تعینات کرنے کا فیصلہ کیا ہے جو کہ معاملات کی جانچ، وبا سے متعلق رابطوں کی شناخت اور تکنیکی تعاون فراہم کرے گی۔ ICMR نے ایک موبائلBSL-3 لیباریٹری بھی کوزی کوڈ روانہ کی ہے تاکہ متوفی لڑکے کے رابطے میں آنے والے لوگوں کے اضافی نمونوں کی جانچ کی جا سکے-x

India Student Bangladesh

بنگلہ دیش میں جاری پرتشدد احتجاج کے دوران اب تک ساڑھے 4 ہزار سے زیادہ بھارتی طلبا وطن واپس آچکے ہیں۔ خارجی امور کی وزارت نے بتایاہے کہ ڈھاکہ میں بھارتی ہائی کمیشن نے سرحد پار کرنے والی چوکیوں سے بھارتی باشندوں کے باحفاظت سفر کیلئے اُن کی سکیورٹی کا بندوبست کیاہے۔ وزارت نے یہ بھی کہاہے کہ نیپال کے 500، بھوٹان کے 38 اور مالدیپ کا ایک طالب علم بھی بھارت پہنچا ہے۔ وزارت نے مزید کہاہے کہ ہائی کمیشن اور اسسٹنٹ اور ہائی کمیشن بھارتی باشندوں کی حفاظت کو یقینی بنانے کیلئے مقامی حکام کے ساتھ مسلسل رابطے میں ہے۔ یہ لوگ بنگلہ دیش میں مختلف یونیورسٹیوں کے باقی رہ جانے والے طلبا اور بھارتی باشندوں کے ساتھ بھی مسلسل رابطہ قائم کیے ہوئے ہیں تاکہ اُن کی بہبود کو یقینی بنایا جاسکے اور اُن کی مدد کی جاسکے۔

وزارت نے مزید کہاہے کہ پچھلے دو دن سے ڈھاکہ میں بھارتی ہائی کمیشن اور چٹگانگ، راج شاہی، سِلہٹ اور کھُلنا میں اسسٹنٹ ہائی کمیشنوں نے بھارتی باشندوں کی وطن واپسی میں مدد فراہم کی ہے۔ اُس نے مزید کہاہے کہ ڈھاکہ میں ہائی کمیشن نے بنگلہ دیش کے شہری ہوابازی کے حکام اور کمرشیل ایئرلائنس کے ساتھ بھی رابطہ قائم کر رکھا ہے تاکہ بھارت اور بنگلہ دیش کے درمیان پروازوں سے متعلق خدمات کی دستیابی کو یقینی بنایا جاسکے۔ x

Biden Dropped Outً

امریکی صدر جوبائیڈن نے آئندہ نومبر کے انتخابات کے لیے صدارتی دوڑ سے الگ ہوگئے ہیں۔ یہ اعلان بائیڈن کے سوشل میڈیا اکاؤنٹ پر پوسٹ کیے گئے ایک خط میں اُن کی طرف سے کَل رات کیا گیا تھا۔ بائیڈن نے اس بات کا اظہار کیا کہ صدر کی حیثیت سے خدمات انجام دینا، ان کی زندگی کا سب سے بڑا اعزاز رہا ہے۔ انھوں نے زور دیتے ہوئے کہا کہ ڈیموکریٹک پارٹی اور ملک کی بہترین مفاد میں یہ بہت ضروری ہے کہ وہ صدر کی حیثیت سے باقی مدت کے دوران اپنے فرائض کو پورا کرنے پر توجہ مرکوز کرے۔ صدر نے کہا کہ وہ اپنے فیصلے کے بارے میں مزید تفصیل کے سلسلے میں اس ہفتے کے آخر میں قوم سے خطاب کریں گے۔

اس کے علاوہ صدر بائیڈن نے صدارتی امیدوار کے طور پر نائب صدر کملا ہیرس کو نامزد کیا ہے اور ایک غیر معمولی ساتھی ہونے کے لیے کملا ہیرس کا شکریہ ادا کیا۔x

یہ خبرنامہ آکاشوانی سے نشر کیا جارہا ہے۔

Rev. Kanwar Yatra

شراون مہینے کی سالانہ کانوڑ یاترا آج سے شروع ہوگئی ہے۔ کانوڑ یاترا کے دوران بڑی تعداد میں لوگ گنگا دریا سے پوتر گنگا جل لینے کیلئے اتراکھنڈ میں ہری دوار، Gaumukh اور گنگوتری جیسے پوتر مقامات کا دورہ کریں گے۔ اتراکھنڈ اور اترپردیش کی حکومتوں نے یاتریوں کی بھیڑبھاڑ سے نمٹنے کیلئے خاطر خواہ بندوبست کیا ہے۔ اتراکھنڈ کے وزیراعلیٰ پشکر سنگھ

دھامی نے کہاہے کہ ریاستی حکومت نے یاترا کے خوش اسلوبی سے انعقاد کیلئے خاطر خواہ بندوبست کیاہے۔

S/B Pushkar Singh Dhami

ہری دوار ضلع انتظامیہ نے اندازہ لگایا ہے کہ اِس سال پانچ کروڑ سے زیادہ عقیدتمند کانوڑ میلے میں حصہ لے سکتے ہیں۔

مزید تفصیل ہمارے نامہ نگار سے

V/C Sanjeev Sundriyal

بڑے پیمانے پر عقیدتمندوں کی آمدروفت کے انتظامات کے لیے وسیع تیاریاں کی گئی ہیں۔ ہری دوار کے میلہ علاقے کو 14سپر زون، 31 زون اور 126 سیکٹروں میں تقسیم کیا گیا ہے، ساتھ ہی ڈرونز اور CC TV کیمروں کی نگرانی کو بڑھا دیا گیا ہے۔ سوشل میڈیا کی نگرانی کی جائے گی جس سے کہ غلط معلومات کو روکا جائے گا۔ اس کاوڑ میلے کے لیے پاچ ہزار پانچ سو سے زیادہ عملے کو تعینات کیا گیا ہے بھیڑ سے موثر طور سے نمٹنے کے لیے راستے کی تبدیلی کا منصوبہ بھی تیار کیا گیا ہے۔ اس کے علاوہ یاترا راستے کے ساتھ ساتھ دکاندار، ہوٹلوں، ریٹ لسٹ اور کھانے پینے کی چیزوں کے نام کو چسپاں کریں گے اور کانٹریک کی تفصیل فراہم کریں گے۔ پولس ویری فکیشن بھی جاری ہے۔

اس دوران شردھالو اپنے کاوڑوں کے ساتھ ہری دوار اور رشی کیش پہنچنا شروع ہوگئے ہیں۔ کچھ لوگ اترکاشی ضلعے میں گومکھی کی طرف بڑھ رہے ہیں۔

دہرادھون سے سنجیو سندریال کی رپورٹ کے ساتھ خبرنامے کے لیے میں

Jharkhand Babadham

جھارکھنڈ میں ملک بھر سے لاکھوں عقیدتمند ساون کے مہینے کے دوران بابا Baidyanath مندر میں پوجا ارچنا کرنے کیلئے دیوگھر کا دورہ کر رہے ہیں۔ یہ 12 Jyotirlingas میں سے ایک ہے۔

ایک رپورٹ

Amarnath Yatra Jammu

امرناتھ گھپا کا درشن کرنے کیلئے تین ہزار 281 یاتریوں کا ایک اور جتھہ جموں میں بھگوتی نگر بنیادی پڑاؤ سے کشمیر وادی کیلئے روانہ ہوا۔ یہ یاتری آج صبح سویرے 111 گاڑیوں کے ایک قافلے میں بنیادی پڑاؤ سے روانہ ہوئے۔

اِس جتھے میں دو ہزار 375 مرد، 822 خواتین، 6 بچے، 62 سادھو اور 16 سادھویاں شامل ہیں۔ ایک ہزار 302 یاتری بالتل بنیادی کیمپ کیلئے جبکہ ایک ہزار 979 پہلگام بنیادی کیمپ کیلئے روانہ ہوئے جہاں سے وہ پوترگھپا کیلئے آگے کے سفر پر روانہ ہوں گے۔ x

IMD Weather

بھارت کے محکمہئ موسمیات IMD نے آج اتراکھنڈ کے زیادہ تر حصوں، ہماچل پردیش، مغربی مدھیہ پردیش اور گجرات میں کَل تک بہت شدید بارش کی پیش گوئی کی ہے۔

ایک رپورٹ

V/C Adarsh

محکمہ موسمیات نے کہا ہے کہ چھتیس گڑھ، مغربی اترپردیش، ودربھ میں آج بہت شدید بارش ہوگی اور آج اور کَل مدھیہ پردیش، مشرقی راجستھان اور ہماچل پردیش میں بھی شدید بارش ہونے کا قوی امکان ہے۔ اس دوران کیرالہ، ماہے، گنگوتری، مغربی بنگال میں آج شدید بارش کے حالات   رہیں گے اور پنجاب، ہریانہ، چنڈی گڑھ، مغربی راجستھان، ناگالینڈ، منی پور، میزورم اور تری پورہ میں کل تک بارش ہوگی۔ محکمہ موسمیات نے اگلے تین دن کے دوران جھارکھنڈ، اوڈیشہ، مشرقی راجستھان، آسام، میگھالیہ اور ساحلی کرناٹک میں اسی طرح کے حالات کی پیشگوئی کی ہے۔

محکمہ موسمیات کا کہنا ہے کہ مشرقی راجستھان، ہریانہ، چنڈی گڑھ، دلی اور اترپدیش میں اگلے چار دن کے دوران ہلکی سے معتدل بارش ہونے کا امکان ہے-x

آدرش کی رپورٹ کے ساتھ خبرنامے کے لیے میں حسین اختر

Maharashtra Rain

مہاراشٹر میں پچھلے دو دن سے شدید بارش کے سبب مشرقی وِدربھ کے کچھ حصوں میں سیلاب جیسی صورتحال پیدا ہوگئی ہے اور ناگپور کے موسمیات سے متعلق علاقائی محکمے نے شدید سے شدید بارش کیلئے ریڈ الرٹ جاری کیا ہے۔ ناگپور کیی ضلع انتظامیہ اور آفات کے بندوبست سے متعلق ضلع حکام نے Chandrapurاور Gadchiroli اضلاع میں واقع سبھی اسکولوں اور کالجوں کیلئے آج چھٹی کا اعلان کیا ہے-x

Telangana Rains

تلنگانہ ریاست کے بہت سے حصوں میں لگاتار شدید بارش کا سلسلہ جاری ہے۔ اس سے ریاست کے کچھ حصوں میں سیلاب آگیا ہے۔ بھاری بارش کی وجہ سے اوپری علاقوں اور دریا کے طاس میں شدید بارش کی وجہ سے کرشنا اور گوداوری دریا طغیانی پر ہیں۔ دریائے گوداوری، آج صبح سویرے چار بجے تک بھدرا چلم میں 46 اعشاریہ دو فٹ کی اونچائی پر خطرے کے نشان سے اوپر بہہ رہی ہے۔

نشیبی علاقوں میں رہنے والے بہت سے کنبوں کو راحتی کیمپوں میں منتقل کردیا گیا ہے۔ Bhadradri Kothagudem ضلع حکام نے لوگوں سے کہا ہے کہ وہ پوری طرح الرٹ رہیں-x

## BCCI Olympics

بھارت کے کرکٹ کنٹرول بورڈ BCCI کے سکریٹری جے شاہ نے اعلان کیا ہے کہ بورڈ پیرس اولمپکس مہم کیلئے بھارتی اولمپک ایسوسی ایشن کو ساڑھے آٹھ ہزار کروڑ روپے فراہم کرے گا۔ نوجوانوں کے امور اور کھیلوں کے وزیر ڈاکٹر منسکھ مانڈویا نے مالی مدد کیلئے جناب شاہ کا شکریہ اداکیا۔ ڈاکٹر مانڈویا نے کہاکہ ملک کو اولمپکس میں بھارت کی نمائندگی کرنے والے ہر ایتھلیٹ پر فخر ہے۔ پیرس اولمپکس کیلئے بھارتی دستے میں 117 ایتھلیٹس ہیں، جس میں 70 مرد، 47 خواتین اور معاون عملے کے 140 ممبران شامل ہیں۔ پیرس اولمپکس 2024 اِس مہینے کی 26 تاریخ سے شروع ہوگا۔ x

## Women Cricket Asia Cup

خواتین کے ایشیا کپ ٹی-20 کرکٹ میں کل شام بھارت نے سری لنکا کے Dambulla میں متحدہ عرب امارات کے خلاف 78 رن سے آسان جیت حاصل کی۔ اس جیت کے ساتھ بھارت کا سیمی فائنل میں پہنچنا طے ہوگیاہے۔ پہلے بلے بازی کرتے ہوئے بھارت نے مقررہ 20 اوورز میں 201 رن بنائے تھے۔ کپتان ہرمن پریت کور نے 66 رن جبکہ وکٹ کیپر رچا گھوش نے ناٹ آؤٹ 64 رن اسکور کیے۔ اس طرح بھارتی ٹیم نے ٹی-20 میں اب تک کا سب سے زیادہ اسکور بنایا۔ جواب میں یو اے ای کی ٹیم سات وکٹ کے نقصان پر صرف 123 رن ہی بناسکی۔

بھارت اب دو میچوں سے چار پوائنٹ کے ساتھ گروپ اے میں سرفہرست ہے۔ اگلے میچ میں بھارت کا مقابلہ کل نیپال سے ہوگا۔

گروپ بی کے میچ میں آج سری لنکا خواتین کا مقابلہ ملیشیا سے ہوگا جبکہ آج اسی گروپ کے دوسرے میچ میں بنگلہ دیش اور تھائی لینڈ کی ٹیمیں مد مقابل ہوں گی۔ x

## Cricket England Win

Trent Bridge میں تین میچوں کی سیریز کے دوسرے ٹیسٹ میں انگلینڈ نے کھیل کے چار دن کے اندر ہی ویسٹ انڈیز کو 241 رن سے ہرا دیا۔ شعیب بشیر نے انگلینڈ کی طرف سے سنسنی خیز بالنگ کرتے ہوئے پانچ وکٹیں حاصل کیں۔ انگلینڈ کی سرزمین پر اُن کا یہ پہلا میچ تھا۔ وہ اپنے ہوم گراؤنڈ پر ٹیسٹ میں یہ کارنامہ حاصل کرنے والے سب سے نوجوان انگلینڈ کے بالر بن گئے ہیں۔ اس جیت سے انگلینڈ نے سیریز میں دو صفر کی سبقت حاصل کرلی ہے۔x

## Hungarina Grand Prix

کَل آسٹریلیائی ریسر فارمولہ وَن (FI) کے ایتھلیٹ آکسر Piastri نے Hungarian کار گراں پری میں اپنا پہلا فارمولہ FI کا خطاب جیتا۔

Haryana Internet Service

ہریانہ سرکار نے آج ہونے والی Brajmandal Jalabhishek یاترا کے پیش نظر آج شام چھ بجے تک Nuh ضلعے میں انٹرنیٹ خدمات معطل کردی ہیں۔ Nuh کے ایس‌پی وجے پرتاپ سنگھ نے کہا یہ کہ انٹرنیٹ خدمات، سیکیورٹی اقدام کے طور پر معطل کی گئی ہیں اور ضلعے میں راستے کی منتقلی سے متعلق ایڈوائزریز جاری کی گئی ہیں۔

اس سے پہلے ہفتے کو ریواڑی رینج کے IG راجندر کمار نے Nalhareshwar مندر، Jhirkeshwar مندر اور Shrangeeshwar مندر کا معائنہ کیا تھا تاکہ انتظامات کا جائزہ لیا جا سکے اس کے علاوہ RAF کے عملے، ہریانہ پولیس اور ہوم گارڈ کے عملے کو بڑی تعداد میں تعینات کیا گیا ہے۔ اس علاقہ کی ڈرون کیمروں سے نگرانی کی جائے گی۔

Jalabhishek یاترا، Nalhareshwarمندر سے شروع ہوگی اور مختلف راستوں سے ہوکر گزرے گی اور آج Nalhareshwar مندر میں Jalabhishek یاترا ختم ہوجائے گی۔x

یہ تھی خبریں

PRESS COMMENTS

اب اخبارات کے آئینہ کے ساتھ ہیں: ......فہیم احمد

شکریہ -شبانہ رحمان

قومی راجدھانی دلی سے شائع ہونے والے سبھی اردو اخباروں نے آج سے شروع ہونے والے بجٹ اجلاس سے متعلق خبر کو اپنی شہ سرخی بنایا ہے۔ روزنامہ راشٹریہ سہارا کی سرخی ہے پارلیمنٹ کا بجٹ اجلاس آج، کل جماعتی میٹنگ میں سرکار نے پیش کیا اپنا ایجنڈا۔ اجلاس میں پہلے دن اقتصادی سروے اور دوسرے دن عام بجٹ پیش ہوگا۔

اخبارات کے عالمی ثقافتی ورثے کمیٹی کے اجلاس میں وزیراعظم کے اس بیان کو اہمیت دی ہے کہ بھارت کی وراثت صرف تاریخ نہیں، علم کا ذخیرہ بھی۔

اخبار پرتاپ کی ایک سرخی ہے نرملا سیتا رمن کے بجٹ میں شادی شدہ افراد سے لے کر بچوں کو مزید رعایت متوقع۔ اخبار انقلاب سرخی دیتا ہے بنگلہ دیش میں سپریم کورٹ کا بڑا فیصلہ، متنازعہ کوٹہ سسٹم کو ختم کردیا۔ اخبارات نے نیپال کی اولی سرکار کے ذریعے اعتماد کا ووٹ حاصل کیے جانے سے متعلق خبر کو صفحہ اول پر جگہ دی ہے۔

اخبارات نے ہریانہ کے وزیراعلیٰ نائب سنگھ سینی کے اس بیان کو نمایاں کیا ہے کہ جدید دور میں سماج میں اتحاد اور بھائی چارہ اشد ضروری ہے۔ مرکزی حکومت نے نپاہ وائرس پر ہوشیار رہنے کی ہدایت، کیرالہ میں نپاہ سے ایک بچے کی موت، یہ خبر بھی سبھی اخباروں میں ہے۔

اخبارات کی دیگر بین الاقوامی خبریں اس طرح ہیں:

اسرائیلی فوج کی غزہ پر بمباری جاری، 64 فلسطینی ہلاک، 105 زخمی۔

امریکی صدر جوبائیڈن اپنی جماعت کا کنٹرول کھو چکے ہیں: واشنگٹن پوسٹ کا دعویٰ

جرمنی میں پاکستانی قونصل خانے پر افغان شہریوں کا دھاوا